پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	ستمبر 2020

پرچہ : سماجی مطالعہ کی تدریس

Paper - B9ED103DST : Pedagogy of Social Studies - I

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks	Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) سماجی مطالعہ کس کا مطالعہ ہے؟

(a) زمین کا (b) گھر کا (c) سماج کا (d) اسکول کا

(ii) سماجی مطالعہ کا دائرہ .... ہے۔

(a) محدود (b) تنگ ہے (c) وسیع (d) عام

(iii) سیکنڈری ایجوکیشن کمیشن کب عمل میں آیا؟

(a) 1966 (b) 1986 (c) 1998 (d) 1952

(iv) سماجی مطالعہ میں علم شہریت کو اسکولی سطح پر پڑھانے کا مقصد ہے۔

(a) قانون سکھانا (b) اچھا شہری بنانا (c) سماجی ماحول کو جاننا (d) ماحول کی جانکاری

(v) قلیل مدتی تدریس اساتذہ کی تربیت کا کون سا مرحلہ ہے؟

(a) آخری (b) ابتدائی (c) درمیانی (d) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) قلیل مدتی تدریس........................ ہے۔

(a) تدریسی تکنیک (b) تدریسی طریقہ (c) تقریری طریقہ (d) تدریسی عمل

(vii) شہرت کا تعلق کس مضمون سے ہے؟

(a) انگریزی (b) اردو (c) سماجی مطالعہ (d) فلسفہ

(viii) موجودہ دور میں تدریس......................مرکوز ہے۔

(a) نصاب مرکوز (b) طلبہ مرکوز (c) استاذ مرکوز (d) مضمون مرکوز

(ix) عجائب گھر کا دورہ کس مضمون کی تدریس میں زیادہ مددگار ہے؟

(a) اردو (b) سائنس (c) سماجی مطالعہ (d) نفسیات

(x) سماجی مطالعہ کی تدریس موثر بنانے کے لیے......................سے زیادہ استعمال کرنا چاہیے۔

(a) تدریسی امداد (b) تقریری طریقہ (c) ٹیلی ویژن (d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2. سماجی مطالعہ کا مفہوم بیان کیجیے۔اس کی تدریس کی اہمیت واضح کیجیے۔
3. سماجی علوم اور سماجی مطالعہ کے درمیان فرق واضح کیجیے۔
4. سماجی مطالعہ کی تدریس کے مقاصد بیان کیجیے۔
5. سماجی مطالعہ کی تدریس کے لیے قومی تعلیمی پالیسی کی سفارشات بیان کیجیے۔
6. سماجی مطالعہ کی تدریس کے مختلف طرز رسائی تفصیل سے بیان کیجیے۔
7. قلیل مدتی تدریس کا مفہوم اور تصور بیان کیجیے۔
8. اکائی منصوبہ بندی کی خوبی وخامی واضح کیجیے۔
9. سماجی مطالعہ کے استاد کے پیشہ وارانہ فروغ کی ضرورت اور طریقے بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10. سماجی مطالعہ کی دیگر اسکولی مضامین سے ہم رشتگی واضح کیجیے۔
11. سماجی مطالعہ کی تدریس کے ذریعے فروغ کی جانے والی اقدار اور طریقے واضح کیجیے۔
12. سماجی مطالعہ کی تدریس کے کوئی پانچ طریقے تفصیل سے بیان کیجیے۔
13. منصوبہ سبق کے مراحل تفصیل سے بیان کیجیے۔
14. سماجی مطالعہ کی تجربہ گاہ، کتب خانہ، عجائب گھر پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

☆☆☆